LEGAL AID AT WORK

180 Montgomery Street, Suite 600
San Francisco, CA 94104-4244
T: 415 864 8848 | F: 415 593 0096
www.legalaidatwork.org

کورونا وائرس - اکثر پوچھے گئے سوالات

legalaidatwork.org/factsheet/coronavirus-faq/

1. کورنا وائرس (جس کو کووڈ – 19 بھی کہا جاتا ہے) کی وجہ سے، میرے آجر نے میرے دفتری اوقات کم کردیئے، مجھے بلا معاوضہ چھٹی لینے پر مجبور کیا، یا مجھے ملازمت سے فارغ کردیا۔ میں کیا کر سکتا ہوں؟

آپ کیلیفورنیا ایمپلائمنٹ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ("EDD") میں بے روزگار بیمہ کی سہولیات کے لئے دعویٰ دائر کرسکتے ہیں۔ سہولیات لینے کے لئے، آپ کو صرف چند تقاضوں کو پورا کرنے کی ضرورت ہوگی، بشمول پچھلی موزوں مقدار میں کمائی اور امیگریشن کی حیثیت جس میں آپ کو کام کرنے کی اجازت ہو۔ اگر EDD آپ کے دعویٰ کو منظور کرتا ہے تو، آپ اپنی پچھلی آمندی کے مطابق، ہر ہفتے $40 اور 450 $ کے درمیان رقم حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کورونا وائرس کے نتیجے میں بے روزگار ہیں تو، EDD نے معمول کے مطابق ایک ہفتہ انتظار کرنے کی مدت معاف کردی ہے جس کے دوران آپ کو دوسری صورت میں بے روزگاری بیمہ کی سہولیات میسر نہیں ہوسکتی ہیں۔

اگر آپ عارضی طور پر ملازمت پر نہیں جارہے اور اسی آجر کے پاس واپس کام کرنا چاہتے ہیں تو، آپ کو بے روزگار بیمہ کی سہولیات حاصل کرتے وقت کام کی تلاش میں معمول کی ضروریات پر پورا اترنے کی ضرورت نہیں۔ تاہم، اگر آپ کسی مخصوص آجر سے ملازمت پر واپس آنے کے لئے رابطے میں نہیں ہیں تو، آپ کو بے روزگار بیمہ کے فوائد جمع کرتے وقت ملازمت تلاش کرنی ہوگی۔

اہلیت کے تقاضوں اور دعوی دائر کرنے کے طریقوں سمیت، بے روزگار بیمہ کی سہولیات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، براہ کرم https://www.edd.ca.gov/Unemployment/ پرجائیں یا 800-300-5616 (انگریزی)، 800-326-8937 (ہسپانوی)، 800-547-3506 (چینی)، یا 866-303-0706 (ماندرین) پر فون کیجئے۔

2. کورونا وائرس کی وجہ سے، میرے آجر نے میرے بارے میں قیاس آرائیاں کیں یا مجھ سے، میرے ساتھی ملازموں سے مختلف سلوک کیا کیونکہ میں ایشین ہوں یا کسی اور ملک سے تعلق رکھتا ہوں۔ میں کیا کر سکتا ہوں؟

ایسا آجر جو آپ کو آپ کی نسل، قومی شناخت یا نسلی پس منظر کی وجہ سے دوسرے ملازموں سے بدتر سلوک کرتا ہے، وہ قانون کی خلاف ورزی کررہا ہے۔ اس میں آجر کی وہ حرکات شامل ہیں جو منفی دقیانوسی تصورات کی وجہ سے آپ کو الگ کردیتے ہیں۔

3. میرا آجر مجھے گھر پر رہنے پر مجبور کر رہا ہے کیونکہ میری خاندان کا ایک رکن متاثرہ ممالک سے واپس آیا ہے۔ میں کیا کر سکتا ہوں؟

آپ کا آجر آپ کو صرف اس بات پر آپ سے مختلف سلوک نہیں کرسکتا کہ آپ کا کورونا وائرس سے متاثرہ شخص کے ساتھ میل جول ہے۔ آجروں کو آپ کے خاندان کے ارکان کے بارے میں قیاس آرائیاں نہیں کرنی چاہئے۔

4. میری ایک معذوری ہے؛ کیا میرے آجر سے یہ درکار ہے کہ وہ مجھ کو کورونا وائرس سے متعلق مناسب سہولیات فراہم کرے؟

اگر آپ کو کمزور مدافعتی نظام جیسی معذوری ہے تو، آپ کے آجر سے یہ درکار ہوسکتا ہے کہ وہ آپ کومناسب سہولیات جیسے کہ ٹیلی مواصلات، فراہم کرے۔ مناسب سہولیات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے یہاں کلک کریں۔

عام طور پر سردی بخار یا موسمی فلو کی علامات کا ہونا معذوری نہیں۔ تاہم، کورونا وائرس سے پیدا ہونے والی پیچیدگیاں جیسے کہ نمونیا، معذوری کہلا سکتی ہے۔ اگر آپ میں پیچیدگیاں ہیں تو، آپ اور آپ کے آجر کو ایسی تبدیلیوں پر غور کرنا چاہئے جس سے آپ اپنا کام جاری رکھ سکیں یا ملازمت سے چھٹی لے سکیں۔

5. کیا میرا آجر مجھ سے میری صحت کی پیچیدگی کے بارے میں پوچھ سکتا ہے (جیسے کہ کمزور مدافعتی نظام) جو کہ کورونا وائرس کے زیر اثر آسکتا ہو؟

جی نہیں۔ اس سوال کے جواب کو دینے سے آپ کی معذوری ظاہر ہوسکتی ہے۔ اس لئے، آجر کا سوال قانون کے خلاف ہے۔

6. اگر میں کورونا وائرس سے متاثرہ ملک کا سفر کرتا ہوں، تو کیا میرا آجر مجھ سے پوچھ سکتا ہے کہ کیا میں کورونا وائرس کا متحمل ہوا ہوں یا مجھ سے اخفائے مرض کے دوران گھر پر رہنے کے لئے درکار کرسکتا ہے؟

جی ہاں، مرض کو روکنے کا مرکز (CDC) نے تجویز دی ہے کہ مخصوص ممالک کے مسافر 14 دن تک گھر میں رہیں۔ ممالک کی فہرست میں تبدیلی آسکتی ہے؛مزید معلومات کے لئے CDC کی ویب سائٹ سے رجوع کریں۔

7. اگر مجھے کورونا وائرس ہے، تو میرا آجر دوسروں کو میری حالت کے بارے میں کیا بتا سکتا ہے؟

آپ کے آجر کو آپ کے بارے میں تمام طبی معلومات نجی اور خفیہ رکھنے کی ضرورت ہے۔

8. کیا میرا آجر کام سے پہلے میرا درجہ حرارت لے سکتا ہے؟

عام طور پر، یہ غیر قانونی ہے کہ کوئی آجر آپ کا درجہ حرارت لے۔ بعض اوقات CDC یا آپ کی مقامی صحت اتھارٹی تجویز کر سکتی ہے کہ آجر آپ کا درجہ حرارت لے۔

9. اگر میں کارونا وائرس سے متعلق علامات ظاہر کرتے ہوئے کام میں بیمار ہوجاؤں تو کیا ہوگا؟ کیا میرا آجر مجھے گھر بھیج سکتا ہے؟

جی ہاں۔ CDC تجویز کرتا ہے کہ وہ ملازمین جو کورونا وائرس کی علامات (جیسے بخار، کھانسی، سانس لینے میں دشواری) ظاہر کرتے ہوئے بیمار ہوجاتے ہیں، انہیں دوسرے ملازمین سے الگ کیا جانا چاہئے اور فوری طور پر گھر بھیج دینا چاہئے۔

10. مجھے کورونا وائرس ہے اور میں فی الحال اپنی بیماری کی وجہ سے کام کرنے کے قابل نہیں ہوں۔ جب میں کام نہیں کر رہا ہوں تو آمدنی حاصل کرنے کے لئے میں کیا کرسکتا ہوں؟

اگر آپ اپنی بیماری کی وجہ سے کام سے غیر حاضر ہیں تو آپ بامعاوضہ چھٹی کرنے کے حقدار ہیں۔ آپ کے آجر کو چاہئے کہ آپ کو آپ کی بیماری کی وجہ سے چھٹی کے دنوں کا معاوضہ عطا کرے۔ مزید معلومات کے لئے لیبر کمشنر کے عمومی سوالنامے کو دیکھئے۔ آجر بیماری کی وجہ سے چھٹیوں کی تعداد کو محدود کرسکتے ہیں جو ملازمین کے لئے کچھ جگہوں پر کم سے کم 3 دن کے لئے ہوتی ہے۔ (کچھ شہر جیسے برکلے، ایمری ویل، لاس اینجلس، آکلینڈ، سان ڈیاگو، سان فرانسسکو اور سانٹا مونیکا کا تقاضا ہے کہ آجر 3 سے زیادہ بیمار دن مہیا کریں۔)

اگر آپ کو ایک ہفتہ سے زیادہ عرصہ تک کام سے محروم رہنے کی ضرورت ہو تو، آپ کام نہ کرنے کے وجہ سے محروم آمدنی کے کچھ حصے کو حاصل کرنے کے لئے ریاستی معذوری بیمہ (SDI) کے اہل بھی ہوسکتے ہیں۔ آپ SDI کے لئے ایمپلائمنٹ ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ (EDD) سے آن لائن www.EDD.ca.gov پر درخواست دے سکتے ہیں۔ افسر صحت یا مقامی صحت کے اہلکار کو آپ کی درخواست کی تصدیق کرنے کی ضرورت ہوگی۔

آپ کی آمدنی کے مطابق، SDI کی سہولیات آپ کی معمول کی آمدنی کا عام طور پر % 60 یا % 70 ہوتا ہے۔ اگر آپ کورونا وائرس کے نتیجے میں معذور ہیں تو، EDD نے معمول کے مطابق ایک ہفتہ انتظار کرنے کی مدت معاف کردی ہے جس کے دوران آپ کو دوسری صورت میں SDI کی سہولیات میسر نہیں ہوسکتی ہیں۔ اگر آپ کے پاس با معاوضہ وقت کی دستیابی ہے تو، آپ اپنے SDI دعویٰ کے پہلے بلا معاوضہ ہفتے کے دوران با معاوضہ چھٹیاں یا دیگر با معاوضہ وقت کا استعمال کرسکتے ہیں۔

آخر میں، اگر آپ اپنا معمول کا کام انجام دینے سے قاصر ہیں کیونکہ آپ اپنے کام کے دوران کورونا وائرس سے متاثر ہوئے ہیں تو، آپ عارضی طور پر معذوری کی ادائیگیوں اور طبی علاج سمیت ملازموں کے معاوضے کی سہولیات کے اہل ہوسکتے ہیں۔ عمل کو شروع کرنے کے لئے، آپ کو اپنے آجرسے دعویٰ کرنے کی درخواست (DWC-1) دائر کرنے کی ضرورت ہوگی۔ یہ درخواست آپ کے آجر سے ملے گی یا https://www.dir.ca.gov/dwc/forms.html پر دستیاب ہے۔

11. کیا میں اپنی ملازمت سے محروم ہوسکتا ہوں اگرمیں کورونا وائرس سے بیمار ہوجاؤں؟

آپ کا آجر آپ کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں کرسکتا کیونکہ آپ نے بیماری کی وجہ سے با معاوضہ چھٹیوں کے دن استعمال کیے ہیں یا ملازموں کے معاوضے کا دعوی دائر کر رکھا ہے۔

اس کے علاوہ، آپ اپنی نوکری بچا کر 12 ہفتوں تک چھٹی کے مستحق بھی ہوسکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ ذیل تمام نقات پر اترتے ہیں تو آپ ممکنہ طور پر اس رخصت کے اہل ہیں:

1. آپ اپنے کام کے مقام سے 75 میل کے اندر کم از کم 50 ملازمین کے ساتھ آجر کے لئے کام کرتے ہیں؛
2. آپ نے کم از کم ایک سال وہاں کام کیا ہے، اور
3. آپ نے چھٹی لینے سے پہلے سال میں کم از کم 1250 گھنٹے کام کیا ہے۔

ملازمت کی محرومی کے بغیر چھٹیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، معذوری + میری نوکری کا ملاحظہ کریں۔

12. میرے ایک قریبی خاندان کے فرد کو کورونا وائرس لاحق ہوگیا ہے، اور میں ان کی دیکھ بھال کے لئے کام کے بجائے گھر میں ہی رہوں گا۔ جب میں کام نہیں کر رہا ہوں تو آمدنی حاصل کرنے کے لئے میں کیا کرسکتا ہوں؟

آپ خاندان کے بیمار فرد کی دیکھ بھال کے لئے بیماری کی وجہ سے با معاوضہ چھٹی کے دنوں کا استعال کرسکتے ہیں، اگر آپ نے ان کی وصولی کرلی ہے۔ اس کے علاوہ، آپ با معاوضہ خاندانی چھٹی کے اہل بھی ہوسکتے ہیں (عام طور پر، 6 ہفتوں تک آپ کی تنخواہ کا % 60 یا %70)، اگر آپ شدید بیمار والدین، سسرال، اولاد، شریک حیات، گھریلو ساتھی، بہن بھائی، دادا یا پوتا کی دیکھ بھال کی وجہ سے کام پر نہیں جارہے ہیں۔ آپ با معاوضہ خاندانی چھٹی کے لئے ایمپلائمنٹ ڈیویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ سے www.EDD.ca.gov پر درخواست دائر کرسکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لئے، EDD کی ویب سائٹ پر جائیں یا یہاں کلک کریں۔

13. اگرمیں کورونا وائرس سے متاثر کسی شدید بیمار خاندانی فرد کی دیکھ بھال کے لئے گھر میں رہتا ہوں تو کیا میں اپنی ملازمت سے محروم ہوسکتا ہوں؟

اگر آپ نے اپنے کام کے مقام سے 75 میل کے اندر کم از کم 50 ملازمین کے ساتھ آجر کے لئے کام کیا ہے، آپ نے کم از کم ایک سال وہاں کام کیا ہے اور آپ نے چھٹی لینے سے پہلے سال میں کم از کم 1250 گھنٹے کام کیا ہے تو، آپ کے آجر کو والدین، شریک حیات، گھریلو ساتھی، نابالغ اولاد، یا بالغ فرد پر انحصار کرتا ہوا بچہ جس کی صحت پیچیدہ ہو، کی دیکھ بھال کے لئے آپ کو ملازمت سے محروم کرنے کے بغیر12 ہفتوں تک کی چھٹیاں فراہم کرنا ہوگی۔

14. اگر مجھے ملازمت سے جلد گھر بھیج دیا گیا ہے، یا متعین شدہ شفٹ میں نہ آنے کے لئے کہا گیا ہے تو کیا میرا آجر مجھے ادائیگی نہیں کرسکتا؟

یہ منحصر کرتا ہے۔ اگر کوئی آجر آپ کو گھر بھیجتا ہے کیونکہ کام پر آپ کی حاضری کے بعد کاروبار سست ہوا ہے تو، جی ہاں، آجر آپ کو اس شفٹ کے لئے، آپ کے متعین کردہ گھنٹوں کا آدھا معاوضہ آپ کو ادا کرے گا۔ (اگر آپ کا چار گھنٹے سے کم وقت متعین تھا تو، آپ کو دو گھنٹے کی تنخواہ واجب الادا ہے۔ اگر آپ کا آٹھ گھنٹوں سے زیادہ وقت متعین تھا تو، آپ کو چار گھنٹے کی تنخواہ واجب الادا ہے)۔ آپ رپورٹنگ ٹائم پے کے بھی اہل ہیں اگر آپ کو متعین کردہ شفٹ سے پہلے کام پر بلا لیا جاتا ہے، اور اس متعین کردہ شفٹ پر نہ آنے کو کہا جاتا ہے کیونکہ کاروبار سست روی کا شکار ہے۔

اگر کوئی آجر آپ کو گھر بھیجتا ہے یا آپ کو ہدایت دیتا ہے کہ آپ کام پر نہ آئیں کیونکہ آجر کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے یا سرکاری حکام کے ذریعے کاروبار بند کرنے یا کاروبار کو محدود رکھنے کا حکم دیا گیا ہے، یا دوسری صورت میں ملازمین کی حفاظت کے بارے میں معقول طور پر فکر مند ہے، تو پھر آجر آپ کو آپ کی متعین کردہ شفٹ کے مطابق رپورٹنگ ٹائم پے دینے کا مستحق نہیں ہے۔

مزید معلومات دستیاب ہے
https://www.dir.ca.gov/dlse/FAQ_ReportingTimePay.htm.

15. کورونا وائرس کے خطرے کی وجہ سے میرے بچے کا ڈے کیئر یا اسکول بند ہے۔ کیا میں اپنے بچے کی دیکھ بھال کے لئے کام سے چھٹی کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کے آجر کے پاس 25 یا زائد ملازمین کیلیفورنیا میں اسی جگہ پر کام کر رہے ہیں تو، آپ اپنے بچے کے ڈے کیئر یا اسکول میں کسی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے ہر سال 40 گھنٹے تک کا وقت نکال سکتے ہیں۔ کورونا وائرس کی وجہ سے بندش ہونا ایسی ہنگامی صورتحال کے اہل ہے۔
تاہم، آپ کو اپنے آجر کو وقت سے پہلے مطلع کرنا چاہئے کہ آپ اس وقت چھٹی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

معاوضے کے لئے، آپ بے روزگار بیمہ کے اہل ہوسکتے ہیں اگر آپ نے دیکھ بھال کے دیگر تمام آپشن کو استعمال کرلیا ہے لیکن اسکول بند ہونے کی وجہ سے اپنے بچے کے ساتھ گھر میں رہنے کے لئے کام سے محروم رہنا پڑتا ہے۔
www.EDD.ca.gov پر جا کر آپ بےروزگار بیمہ کے لئے درخواست دائر کرسکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے، EDD کی کورونا وائرس سے متعلق معلومات کو رجوع کریں۔

16. میرے پاس مزید سوالات ہیں۔ میں اپنے حقوق کے بارے میں مفت، اعلی معیار کے قانونی مشورے کہاں سے حاصل کرسکتا ہوں؟

ورکرز رائٹس کلینک آپ کو کام سے متعلق اپنے قانونی حقوق کے سلسلے میں مفت معتمد مشورے فراہم کرسکتا ہے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آجر نے قانون کی خلاف ورزی کی ہے تو آجر کے خلاف شکایت درج کرانے کے لئے سخت ٹائم لائنز ہیں۔ کلینک کی خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے براہ کرم ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

دست برداری

اس فیکٹ شیٹ کا مقصد کیلیفورنیا میں ملازمت سے متعلق قانونی حقوق سے متعلق درست، عمومی معلومات فراہم کرنا

ہے۔ چونکے قوانین اور قانونی طریقہ کار بار بار تبدیلی اور مختلف تشریحات کے تابع ہوتے ہیں، قانونی مدد برائے ملازمت اس بات کو یقینی نہیں بناسکتی کہ اس فیکٹ شیٹ میں موجود معلومات چالو مروجہ ہیں اور نہ ہی اس کے استعمال کے ذمہ دار ہیں۔ اپنی مخصوص صورتحال میں اپنے حقوق کے بارے میں کسی وکیل یا مناسب ایجنسی سے مشورہ کیے بغیر اس معلومات پر انحصار نہ کریں۔